Grams:"HOMCOUNCIL"
Phone : 051-5409003

Government of Pakistan

National Council for Homoeopathy

Fazal Town (Phase-I), Airport Link Road, Rawalpindi

"SAY NO TO CORRUPTION"

مورخہ 13 نومبر 2023ء

پریس ریلیز

قومی کونسل برائے ہومیوپیتھی کی بلڈنگ واقع فضل ٹاؤن فیز 1 ائیر پورٹ لنک روڈ راولپنڈی کے سیل (SEAL) ہونے کی وضاحت۔

قومی کونسل برائے ہومیوپیتھی کے دفتر کو مورخہ 30 اکتوبر 2023ء کو راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی (RDA) نے کیوں سیل (SEAL) کیا اس کی وضاحت درج زیل ہے۔

i) قومی کونسل برائے ہومیوپیتھی کو راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی طرف سے ایک نوٹس مجریہ نمبری RDA/LU&BC-3221 بتاریخ 28-09-2023 کو موصول ہوا۔ اس نوٹس کے تحت قومی کونسل برائے ہومیوپیتھی کی بلڈنگ کو کمرشل کروانے کا کہا گیا۔ کیونکہ آج تک یہ بلڈنگ RDA کے ریکارڈ میں کمرشل بلڈنگ کی حیثیت نہیں رکھتی۔

ii) کونسل کی یہ بلڈنگ -/56,000,000 (پانچ کروڑ ساٹھ لاکھ) کی لاگت سے خریدی گئی تھی اور اس کی خریداری میں بہت ساری بے قاعدگیاں سامنے آئیں اور جب کونسل کا آڈٹ مالی سال 2004 سے 2013 تک ڈائرکٹوریٹ جنرل آڈٹ نے کیا تو اس کی بے قاعدگی کا آڈٹ پیرا جاری کیا گیا۔

iii) اس بلڈنگ کی خریداری پر کونسل کے سابق صدر ہومیو پیتھک ڈاکٹر محمود الحق عباسی نے وفاقی وزارت صحت کو بذریعہ درخواست شکایت دائر کی جس میں اس وقت کے صدر ہومیو پیتھک ڈاکٹر پرویز اختر قریشی اور بلڈنگ خریدنے کی قومی کونسل کی کمیٹی کے چیئرمین ہومیو پیتھک ڈاکٹر امان اللہ بسمل پر کرپشن اور مالی بے ضابطگیوں کے الزامات لگائے گئے جن کے وزارت صحت کی انکوائری میں ثابت ہونے پر ڈاکٹر پرویز اختر قریشی کو کونسل کی ممبر شپ اور صدارت سے نا اہل کر دیا گیا تھا۔

iv) قومی کونسل کی بلڈنگ رجسٹری کے مطابق 29 مرلے پر محیط ہے۔ اور جب RDA سے کمرشل کروانے کے لیے رجوع کیا گیا جو تقریباً مزید -/4,200,000 بیالیس لاکھ روپے مجوزہ سرکاری فیس کا خرچہ آرہا ہے۔ جو کہ خریداری اور مالی بے ضابطگیوں کے علاوہ کونسل پر اور ہومیو پیتھک سسٹم کے ساتھ بڑا ظلم ہے کہ جس وقت یہ بلڈنگ خریدی گئی قانون کے مطابق یہ لازم تھا کہ RDA سے منظور شدہ بلڈنگ خریدی جاتی۔ مگر ایسا نہیں کیا گیا۔

v) وزارت صحت نے مالی بے ضابطگیوں کے ثابت ہو جانے کے بعد کروڑوں روپے کی وصولی کے لیے FIA اور NAB کو بھی ہدایات جاری کیں۔

کچھ عرصہ بعد بلڈنگ خریداری میں کرپشن کا معاملا قومی اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے سامنے آیا تو انہیں بتایا گیا کہ FIA نے انکوائری بند کر دی ہے جس پر کمیٹی سخت برہم ہوئی کہ کروڑوں روپے کی وصولی کے بغیر کس افسر نے یہ غیر قانونی کام کیا ہے کمیٹی نے سیکرٹیری صحت حکومت پاکستان کو ہدایات جاری کیں کہ وہ سیکرٹری داخلہ حکومت پاکستان کو FIA کے اس افسر کے خلاف کاروائی کے لیے لکھیں۔ اور FIA اس معاملے پر دوبارہ کاروائی کرے۔ اس وجہ سے وزارت صحت کے ڈپٹی سکیریٹری بجٹ جو کہ کونسل کے ممبر اور چیئرمین فنانس کمیٹی بھی ہیں اس بلڈنگ پر اخراجات کی اجازت دینے سے گریزہ ہوتے ہیں۔ سابق صدر ہومیو پیتھک ڈاکٹر محمود الحق عباسی کی درخواست پر یہ تمام کاروائی عمل میں لائی گئی اس لیے بلڈنگ سے متعلق وہ تمام معاملات سے بخوبی واقف ہیں سوشل میڈیا پر بلڈنگ سیل (SEAL) کے معاملے پر ہومیو پیتھک ڈاکٹرز کو پریشان کرنے کے لیے جو مہم چلائی گئی وہ اخلاقی طور پر ہرگز مناسب نہیں۔ اس کا مقصد صرف اور صرف ہومیو پیتھک سسٹم کے سب سے بڑے ادارے کو کم تر ثابت کرنے کی ناکام کوشش ہے۔

Grams:"HOMCOUNCIL"
Phone : 051-5409003

Government of Pakistan

National Council for Homoeopathy

Fazal Town (Phase-I), Airport Link Road, Rawalpindi

"SAY NO TO CORRUPTION"

vi)۔قومی کونسل برائے ہومیوپیتھی کی بلڈنگ سال 2010 میں خریدی گئی اوراس بلڈنگ کا نقشہ RDA سے منظور شدہ نہ ہے۔مزید یہ کہ اس نوٹس کے تحت جب آفس نے RDA سے رجوع کیا تو یہ بات بھی سامنے آئی کہ اس بلڈنگ کے مندرجہ بالا تین اہم کاغذات بھی ریکارڈ میں موجود نہیں ہیں جو کہ بلڈنگ کر کمرشل کروانے کے لیے بنیادی طور پر درکار ہیں۔

.1۔فرد برائے نقشہ 2۔عکس شجرہ 3۔نظری نقشہ

vii) مندرجہ بالا اہم استاویزات کی عدم دستیابی کی وجہ سے دفتر کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا اوراس سلسلے میں دفتر ہذا نے متعلقہ ریونیوڈیپارٹمنٹ سے اس کے حصول کے لیے رجوع کرلیا ہے۔کونسل کا دفتر RDA سے سیل(SEAL) ہونے کے چند گھنٹوں بعد کھلوالیا گیا تھا۔جس پر نقشے کی منظوری اور بلڈنگ کو کمرشل کروانے کیلیے کونسل کی ھدایات کے مطابق کاروائی جاری ہے۔

13/11/2023

سپرینٹینڈینٹ۔

قومی کونسل برائے ہومیوپیتھی

راولپنڈی